# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 13 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ سڑک حادثات میں زخمی افراد کے علاج کیلئے عنقریب ملک بھر میں نقد سے پاک طبی خدمات شروع کرنے کی مرکزی وزیر نتن گڈکری کی لوک سبھا میں یقین دہانی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کے دور میں بینکنگ شعبے میں انقلابی تبدیلیاں ہونے کی مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رامن کی اطلاع۔

☆ شمسی توانائی زرعی پمپ منصوبے کے تحت ایک لاکھ سے زیادہ پمپس کی تنصیب کا ہدف عبور۔16 ہزار پمپ نصب کر کے جالنہ ضلع سرفہرست۔

اور۔۔۔☆ فڑے عالمی شطرنج چمپئن شپ کے سنسنی خیز فائنل مقابلے میں بھارت کے ڈی۔ گوکیش عالمی چیمپئن بنے۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ملک بھر میں سڑک حادثات میں زخمیوں اور متاثرین کے علاج کیلئے عنقریب رقم سے پاک طبّی خدمات شروع کی جائیں گی۔شاہراہ وحمل و نقل کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کل لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران یہ جانکاری دی۔ گڈکری نے کہا کہ اس اسکیم کی وجہ سے سڑک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد اسپتال میں سات دن یا ڈیڑھ لاکھ روپے تک کا علاج رقم کی ادائیگی کے بغیر کیش لیس طریقے سے علاج کرواسکیں گے۔انہوں نے کہا...

*"اس میں جو میڈیکل اِنشورنس ہوگا اُس میں سات دِن تک کا خرچہ یا ڈیڑھ لاکھ روپئے ان کو تُرنت مل جائے گا۔ میں اُن کو اور بتانا چاہتا ہوں اُتر پردیش میں اس کی شروعات ہو رہی ہے اور اگلے تین مہینے میں یہ پورے دیش میں اس یوجنا کی شروعات کریں گے۔"*

***** ***** *****

اس دوران لوک سبھا میں کل وقفۂ سوالات میں مہاراشٹرا میں راستوں سے متعلق کئی اراکین نے سوالات پوچھے۔ دھاراشیو کے رُکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر نے دھاراشیو شہر کو سورت۔چنئی قومی شاہراہ سے جوڑنے کا مسئلہ اٹھایا' جس پر گڈکری نے اس منصوبے پر غور کرنے کا تیقن دیا۔ عمر گہ۔شولا پور قومی شاہراہ کے کام غیر مکمل ہونے کے سبب اس راستے پر حادثات میں اضافہ ہونے کی طرف بھی نمبالکر نے ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔ انہوں نے ٹیمبھورنی۔لاتور راستے کو فور وے میں تبدیل کرنے سے متعلق بھی سوال پوچھا' جس کا جواب دیتے ہوئے گڈکری نے اس سلسلے میں اندرونِ ایک ماہ ٹینڈر جاری کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

پربھنی کے رکنِ پارلیمان سنجے جادھونے پربھنی کو قومی یا ریاستی شاہراہ سے جوڑنے کا مطالبہ کیا۔جس کے جواب میں گڈکری نے مہاراشٹر میں 78 منصوبوں پر کام جاری ہونے اور انہیں جلد از جلد مکمل کرنے کا یقین دلایا۔

شرڈی کے رکن پارلیمنٹ بھاؤ صاحب واگھچورے نے اہلیانگر۔شرڈی راستے کی خستہ حالی کی طرف وزیرِ موصوف کی توجہ مبذول کروائی۔اس سلسلے میں گڈکری نے 15 دِن کا ٹینڈر جاری کر کے کاموں کی شروعات کرنے کا تیقن دیا۔واگھچورے نے راستوں کے کاموں میں تاخیر اور لا پرواہی برتنے والے کانٹریکٹروں پر کارروائی کیلئے قانون بنانے کا مطالبہ کیا۔جس پر گڈکری نے ایوان میں کانٹریکٹروں کیلئے قوانین میں کی گئی نرمی کو دوبارہ سخت کیے جانے کی وضاحت کی۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا میں ہنگامے کا سلسلہ کل بھی جاری رہا۔حزبِ اختلاف کے اراکین کی نعرے بازی اور حکمراں جماعتوں کے ارکان کے جوابی نعروں کے باعث اسپیکر نے ایوان کی کارروائی پہلے دوپہر 2 بجے تک اور پھر دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔

***** ***** *****

اڈانی گروپ کی مبینہ رشوت خوری کے معاملے پر کل،حزبِ مخالف جماعتوں نے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی سے تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے احاطے میں احتجاج کیا۔کانگریس،بائیں بازو اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے اراکین نے اس احتجاج میں شرکت کی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ مالیات نرملا سیتا رامن نے کہا ہے کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے دور میں ملک کے بینکنگ شعبے میں خاص طور پر عوامی بینکوں میں انقلابی تبدیلیاں آئی ہیں۔سیتا رامن نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ ایک پیغام میں کانگریس قائد راہل گاندھی کے عوامی شعبہ کے بینکوں کا پیسہ بدعنوانی کیلئے استعمال کرنے کا الزام غلط اور بے بنیاد ہونے کی وضاحت بھی کی۔

دریں اثنا،عوامی شعبہ کے بینکوں میں رواں مالی سال میں اب تک کا سب سے زیادہ ایک لاکھ 41 ہزار کروڑ روپے کا خالص منافع درج کیا گیا ہے،اور بینکوں کے مجموعی غیر پرفارمنگ اثاثوں میں کمی آئی ہے۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ پر دہشت گردانہ حملے کی آج 23 ویں برسی ہے۔13 دسمبر 2001 میں پانچ دہشت گردوں کے پارلیمنٹ پر حملے کے دوران چھ پولس اہلکار،پارلیمنٹ کے حفاظتی دستے کے دو اہلکار اور ایک مالی ہلاک ہوئے تھے،جبکہ پارلیمنٹ پر حملہ آور پانچوں دہشت گرد بھی اس مڈبھیڑ میں مارے گئے تھے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

چھتیس گڑھ میں کل حفاظتی دستوں کی تلاشی مہم کے دوران ہوئے تصادم میں سات نکسلیوں کو مار گرایا گیا۔کل صبح نارائن پور ضلع میں،مرکزی ریزرو پولس دستوں،خصوصی تحقیقاتی دستوں اور ضلع ریزرو پولس دستوں کے مشترکہ تلاشی مہم کے دوران یہ مڈبھیڑ ہوئی۔

***** ***** *****

بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن نے شمسی توانائی پر چلنے والے زرعی پمپ سے متعلق اسکیم کے تحت 11 دسمبر تک ایک لاکھ سے زیادہ زرعی پمپ لگانے کا ہدف عبور کیا ہے۔مہاوترن کے چیئرمین اور مینیجنگ ڈائریکٹر لوکیش چندر نے یہ جانکاری دی۔ریاست میں 11 دسمبر تک تقریباً ایک لاکھ ایک ہزار 462 شمسی توانائی پر چلنے والے زرعی پمپ لگائے گئے ہیں۔اس میں سب سے زیادہ 15 ہزار 940 پمپ جالنہ ضلع میں لگائے گئے ہیں۔بیڑ ضلع میں 14 ہزار 705 پمپ،پربھنی میں 9 ہزار 334،اہلیانگر میں 7 ہزار 630،جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 6 ہزار 267 اور ہنگولی ضلع میں 6 ہزار 14 پمپ لگائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

فڑے عالمی شطرنج چیمپئن شپ مقابلوں میں بھارت کے ڈی گوکیش انتہائی سنسنی خیز اور قریبی مقابلے میں عالمی چیمپئن بن گئے ہیں۔ گوکیش، وشواناتھن آنند کے بعد شطرنج کے عالمی چیمپئن بننے والے دوسرے سب سے کم عمر بھارتی کھلاڑی ہیں۔ گوکیش اور چین کے ڈنگ لیرین کے درمیان فائنل کے پہلے 13 راؤنڈز برابری پر ختم ہوئے تھے، تاہم گزشتہ روز فائنل مقابلے میں گوکیش نے ڈنگ لیرین کو شکست دے دی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس کامیابی پر گوکیش کو مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

آئندہ ہاکی انڈیا لیگ مقابلے براہ راست نشر کرنے کیلئے پرسار بھارتی نے ہاکی انڈیا کے ساتھ ایک مفاہمتی معاہدہ کیا ہے۔ اس مفاہمت کے بعد، دوردرشن 25-2024 کے ہاکی انڈیا لیگ مقابلوں کا نشریاتی شراکت دار بن گیا ہے۔ 28 دسمبر سے یکم فروری کے درمیان یہ مقابلے منعقد ہوں گے۔

***** ***** *****

کیج تعلقے کے مسّا جوگ کے متوفی سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے اہل خانہ سے قانون ساز کونسل میں قائد حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے کل ملاقات کی اور خاندان کے افراد کو دلاسہ دیا۔ 9 دسمبر کو پیش آئے قتل کے اس معاملے میں ملوث تمام مجرموں کی فوری گرفتاری کا انہوں نے مطالبہ کیا۔ دانوے نے اس معاملے کو ناگپور میں پیر سے شروع ہونے والے سرمائی اجلاس میں اٹھانے کا بھی اعلان کیا۔

دریں اثنا، دانوے نے کل پربھنی میں آتش زنی، سنگ باری اور توڑ پھوڑ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کلکٹر دفتر کے روبرو ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے مجسمہ پر پہنچ کر خراجِ عقیدت بھی پیش کیا اور اس ناخوشگوار واقعہ کی مذمت کی۔

***** ***** *****

پربھنی کے واقعے کے خلاف کل ہنگولی شہر میں بند منایا گیا۔ اس واقعہ کے خلاف کلمنوری تعلقہ کے اکھاڑا بالاپور، ہنگولی کے کنیر گاؤں ناکہ اور جوَڑا بازار میں دکانیں بند رکھ کر احتجاج کیا گیا۔

***** ***** *****

دریں اثناء پربھنی ضلع میں امن و امان کی برقراری کیلئے ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوَڑے کی صدارت میں کل امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس دوران کلکٹر گاوَڑے نے بتایا کہ ضلع میں تشدد کے واقعات کے بعد نقصانات کا پنچنامہ شروع کر دیا گیا ہے اور متاثرین کو معاوضہ دلانے کی کوشش کی جائے گی جبکہ قصورواروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے ضلع میں امن اور ہم آہنگی کی فضا برقرار رکھنے کی اپیل بھی کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں منعقدہ امن کمیٹی کے اجلاس میں ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت اور ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ ابیناش کمار نے ضلع میں امن و امان برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔ اس اجلاس میں اجتماعی طور پر دستور کی تمہید پڑھی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ شیوکمار سوامی نے 27 دسمبر کی درمیانی شب تک امتناعی احکامات جاری کیے ہیں۔ 16 دسمبر سے شروع ہونے والے اسمبلی کے سرمائی اجلاس اور دتّ جینتی کی تقریبات کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے یہ امتناعی احکامات نافذ کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سڑک حادثات میں زخمی افراد کے علاج کیلئے عنقریب ملک بھر میں نقد سے پاک طبی خدمات شروع کرنے کی مرکزی وزیر نتن گڈکری کی لوک سبھا میں یقین دہانی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کے دور میں بینکنگ شعبے میں انقلابی تبدیلیاں ہونے کا مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارامن کا دعویٰ۔

☆ شمسی توانائی زرعی پمپ منصوبے کے تحت ایک لاکھ سے زیادہ پمپس کی تنصیب کا ہدف عبور۔16 ہزار پمپ نصب کر کے جالنہ ضلع سرفہرست۔

اور۔۔۔☆ فڑے عالمی شطرنج چمپئن شپ کے سنسنی خیز فائنل مقابلے میں بھارت کے ڈی۔ گوکیش عالمی چیمپئن بنے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****